33724 ـ کیا وضوء میں ہئیر کلر پر مسح کرنا جائز ہے ؟

سوال

اگر عورت نیل پالش لگائے تو وضوء کرنے سے قبل اسے اتارنا ضروری ہے، لیکن ہیئر کلر کے متعلق کیا حکم ہے، آیا وضوء میں سر پر مسح کرنے سے قبل اسے اتارنا ضروری ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ظاہر تو یہی ہوتا ہے کہ سر پر مہندی وغیرہ لگانا وضوء کرنے میں اثر انداز نہیں ہوتی، بلکہ اس پر مسح کرنا کافی ہے.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

" جب عورت سر پر مہندی وغیرہ کا لیپ کرے تو وہ اس پر مسح کرےگی اور اس مہندی کو اتارنے کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے احرام کی حالت میں لیپ کر رکھا تھا، چنانچہ سر پر جو لیپ کیا جائے وہ اس کے تابع ہے، یعنی سر کے تابع ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ سر کی تطہیر میں سہولت ہے.

دیکھیں: الشرح الممتع للشیخ ابن عثیمین (1 / 196) فتاوی المراۃ المسلمۃ.

تلبید سے مراد یہ ہے کہ مہندی کی طرح کا کوئی اور مادہ بالوں پر لگایا جائے جس سے بال چپک جائیں.

واللہ اعلم .